# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 20 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰ رجون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ خریف ہنگام کیلئے 14 فصلوں کو کم از کم امدادی قیمت دینے اور پال گھر ضلعے کے واڑھون میں بندرگاہ کے قیام کو مرکزی کابینہ کی منظوری۔

☆ مرکزی وزارتِ تعلیم کی جانب سے یو جی سی ۔ نیٹ 2024 امتحان منسوخ کرنے کا اعلان۔

☆ ''ترقی پذیر مراٹھواڑہ 2047'' کانفرنس کا تمام اضلاع کی جغرافیائی خصوصیات کے مطابق ترقیاتی منصوبے تیار کرنے پر زور۔

اور۔۔۔☆ ٹی ۔ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے سپر ایٹ مرحلے میں آج بھارت کا مقابلہ افغانستان سے۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

مرکزی کابینہ نے کل خریف ہنگام میں 14 فصلوں کیلئے کم از کم امدادی قیمت کو منظوری دی۔ اطلاعات ونشریات محکمے کے وزیر اشونی وَیشنو نے کل ایک صحافتی کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔ اس میں دھان، کپاس، جوار، باجرہ، مکئی، مونگ، تور اور ماش جیسی فصلیں شامل ہیں۔ اشونی ویشنو نے بتایا کہ کم از کم امدادی قیمت کے تعین میں اس بات کا خیال رکھا گیا ہے یہ قیمت پیداواری لاگت سے 50 فیصد زیادہ ہو۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ اس سے کسانوں کو مجموعی طور پر دو لاکھ کروڑ روپے کا فائدہ ہوگا۔

دریں اثنا، مرکزی کابینہ نے کل پال گھر ضلع کے واڑھون میں بندرگاہ کی تعمیر کو بھی منظوری دی۔ ویشنو نے کہا کہ اس کیلئے 76 ہزار 200 کروڑ روپے کے اخراجات کی تجویز دی گئی ہے، اور اس فیصلے سے 12 لاکھ روزگار پیدا ہوں گے۔ انھوں نے تعمیری کاموں کی تکمیل کے بعد، یہ بندرگاہ دنیا کی دس بہترین بندرگاہوں میں سے ایک ہونے کا یقین بھی ظاہر کیا۔ اس منصوبے میں ایک ہزار میٹر لمبائی کے نو کنٹینر ٹرمینلز شامل ہوں گے، چار لِکوِڈ کارگو برتھ، ایک رو۔ رو برتھ، ایک کوسٹ گارڈ برتھ اور چار کثیر المقاصد برتھ شامل ہوں گے۔

***** ***** *****

مرکزی وزارت تعلیم نے اساتذہ کی اہلیت کیلئے UGC-NET 2024 امتحان کو منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ فیصلہ سائبر کرائم کوآرڈینیشن سینٹر آف انڈیا سے امتحان میں ہونے والی بدعنوانیوں سے متعلق موصول ہونے والی معلومات کی بنیاد پر لیا گیا ہے۔ مذکورہ معاملے کی تحقیقات مرکزی جرائم تفتیشی ادارے کو سونپی گئی ہے۔ امتحان کی نئی تاریخ کا جلد ہی اعلان کرنے کی اطلاع وزارت تعلیم نے دی ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا کے آنجہانی سربراہ بالا صاحب ٹھاکرے کی قائم کردہ شیوسینا کا 58 واں یومِ تاسیس کل منایا گیا۔ اس مناسبت سے پارٹی کی جانب سے گزشتہ روز ممبئی میں مختلف اجلاس و اجتماعات منعقد ہوئے۔ شیوسینا کے سربراہ اور وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ورلی میں جبکہ شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اور سابق وزیرِ اعلیٰ ادھو ٹھاکرے نے ماٹنگا کے شن مکھانند ہال میں کارکنان سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت معذور اساتذہ کی شمولیت کیلئے مثبت مؤقف رکھتی ہے اور نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اس تجویز کو کابینہ کے زیرِ غور لانے کی ہدایت دی ہے۔ وہ گزشتہ روز ممبئی میں نیشنل بلائنڈ ایسوسی ایشن کے مطالبات کی مناسبت سے منعقدہ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ اس موقع پر اسکولی تعلیم کے وزیر دیپک کیسرکر اور محکمہ تعلیم کے افسران بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

وزیر برائے تعمیرات عامہ دادا بھوسے نے تیقن دیا ہے کہ شکتی پیٹھ شاہراہ کیلئے اراضی تحویل میں لینے کے سلسلے میں کسانوں کے مسائل کا گہرائی سے مطالعہ کیا جائے گا۔ وہ گزشتہ روز ممبئی میں اس سلسلے میں منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ زمین کے حصول کا عمل اس وقت تک نہیں کیا جائے گا جب تک کاشتکار مطمئن نہیں ہوں گے اور ضرورت پڑنے پر کسانوں کے ہمراہ میٹنگیں بھی کی جائیں گی۔

***** ***** *****

ریاست اور مرکز میں بی جے پی کی سربراہی والی حکومتوں کے خلاف کانگریس پارٹی کی جانب سے کل 21 تاریخ کو ریاست کے تمام ضلعی ہیڈکوارٹرس پر کیچڑ پھینکو احتجاج کیا جائے گا۔ کسانوں ۔ مزدوروں اور اقلیتوں سے متعلق سرکاری پالیسیوں، مسابقتی امتحانات کی بے قاعدگی، NEET امتحان میں مبینہ بدعنوانیوں، زرعی پیداوار کی ضمانتی قیمت وغیرہ کے مسائل پر یہ ریاست گیر سطح کا احتجاج کرنے کی وضاحت کانگریس پارٹی کی جانب سے کی گئی ہے۔

***** ***** *****

دیگر پسماندہ طبقات (او بی سی) کے مختلف مطالبات کی یکسوئی کیلئے جالنہ ضلعے کے وڑیگودری میں بھوک ہڑتال کرنے والے ریاستی پسماندہ طبقات کمیشن کے سابق رکن پروفیسر لکشمن ہاکے کی حمایت میں پربھنی ضلعے کے گنگا کھیڑ میں تحصیل دفتر کے سامنے کل مظاہرے کیے گئے۔ پروفیسر ہاکے کی بھوک ہڑتال کی حمایت میں ہنگولی ضلع سے بڑی تعداد میں او بی سی طبقات کے افراد وڑی گودری پہنچنے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

دسواں بین الاقوامی یوگا دِن کل منایا جار ہا ہے۔ یوگا مسلسل مطالعے کا موضوع ہونے کی بات دھاراشیو ضلع کے کلمب کے ساکن ششی کمار بھاتل ونڈے نے ثابت کر دکھائی ہے۔ بھاتل ونڈے نے 2005 سے مسلسل یوگا کرتے ہوئے یوگا کے 500 اساتذہ تیار کیے ہیں اور دو لاکھ طلباء کو یوگا کی تربیت دی ہے۔

***** ***** *****

سابق وزیرِ اعلیٰ اور رُکنِ پارلیمان اشوک چوہان نے نوجوانوں کو یوگا کو اپنانے اور یوگا کو فروغ دینے کا مشورہ دیا ہے۔ وہ ناندیڑ میں ملٹی میڈیا فلم نمائش سے خطاب کر رہے تھے۔ یہ نمائش کل صبح نو بجے سے شام چھ بجے تک سبھی کیلئے جاری رہے گی، نمائش گاہ پر یوگا کیمپ کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

لاتور شہر کے ضلع اسپورٹس کمپلیکس میں ضلع انتظامیہ کی جانب سے کل یوگا پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے۔ ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے اس پروگرام میں عوام سے شرکت کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر انسٹیٹیوٹ فار ٹرانسفارمیشن ''مِتر'' کے سی ای او پروین سنگھ پردیشی نے اظہار خیال کیا ہے کہ ہمہ گیر ترقی کی منصوبہ بندی کیلئے ''ضلع'' ایک اہمیت کی اکائی ہے اور ہر ضلع کی جغرافیائی خصوصیات کے مطابق ترقی کی منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے۔ کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں ضلع کلکٹر دفتر کے اشتراک سے ترقی یافتہ مراٹھواڑہ 2047ء کے موضوع پر منعقدہ ایک روزہ کانفرنس سے پردیشی مخاطب تھے۔ اس پروگرام میں انتظامیہ کے مختلف محکمہ جات کے افسران و عہدیداران سمیت صنعتکار بڑی تعداد میں موجود تھے۔

***** ***** *****

ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج سپر ایٹ مرحلے میں بھارت کا مقابلہ افغانستان سے ہوگا۔ ویسٹ انڈیز کے بارباڈوس میں یہ مقابلہ بھارتی وقت کے مطابق رات آٹھ بجے شروع ہوگا۔ اِس ٹورنامنٹ میں فی الحال ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ کے مابین میچ جاری ہے۔

دریں اثناء کل ہوئے سوپر ایٹ مرحلے کے پہلے مقابلے میں جنوبی افریقہ نے یو ایس اے کو آٹھ وکٹوں سے ہرادیا۔

***** ***** *****

خواتین کرکٹ میں کل بنگلورو میں کھیلے گئے دوسرے ایک روزہ مقابلے میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو چار رنوں سے شکست دے دی۔ بھارتی خواتین کی ٹیم نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 326 رنوں کا ہدف مقرر کیا، تاہم اس ہدف کے تعاقب میں جنوبی افریقہ کی پوری ٹیم 321 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارت نے تین میچوں کی سیریز میں دو صفر کی غیر مفتوح برتری حاصل کرلی ہے۔

***** ***** *****

لاتور میں ضلع اسپتال کی تعمیر کیلئے زرعی کالج کو تین کروڑ 32 لاکھ 68 ہزار روپئے منتقل کرنے کو ریاستی حکومت نے منظوری دی ہے۔ اس خصوص میں سرکاری حکمنامہ کل جاری کیا گیا۔ لاتور شہر سے قریب زرعی کالج کی دس ایکر اراضی پر یہ ضلع اسپتال تعمیر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

عالمی سِکل سیل دِن کے موقعے پر کل چھترپتی سمبھا جی نگر ضلعے کے چوکا گاؤں کے ابتدائی طبّی مرکز میں عوامی بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔ ضلع طبّی افسر ڈاکٹر ابھئے دھانورکر نے اس موقع پر اپنے خطاب میں عوام سے خون کی جانچ کرکے اس بیماری کو ایک نسل سے دوسری نسل تک پھیلنے سے روکنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے گنگا کھیڑ تعلقے کے دھاراسور میں بجلی گرنے سے ہلاک ہونے والے اکشئے راٹھوڑ اور بیڑ ے گاؤں کے نریندر شیرڑ کے کے اہلِ خانہ کو ریاستی ڈیزاسٹر مینجمنٹ محکمہ کی جانب سے فی کس چار لاکھ روپئے کی امداد فراہم کی گئی ہے۔ رکن اسمبلی رتنا کر گٹّے اور نائب ڈیویژنل افسر جیوراج ڈاپکر کے ہاتھوں کل متعلقین کے اہل خانہ کو امدادی چیک تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

آئندہ دو دِنوں میں کوکن کے اکثر و بیشتر مقامات پر بارش ہونے کا امکان ہے۔ وسطی مہاراشٹر کے کچھ مقامات سمیت مراٹھواڑہ کے کچھ علاقوں اور ودربھ کے بیشتر حصوں میں بارش ہونے کی پیشن گوئی پونہ کے محکمۂ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ خریف ہنگام کیلئے 14 فصلوں کو کم از کم امدادی قیمت دینے اور پال گھر ضلعے کے واڑھون میں بندرگاہ کے قیام کو مرکزی کابینہ کی منظوری۔

☆ مرکزی وزارتِ تعلیم کی جانب سے یو جی سی۔ نیٹ 2024 امتحان منسوخ کرنے کا اعلان۔

☆ ’’ترقی پذیر مراٹھواڑہ 2047‘‘ کانفرنس کا تمام اضلاع کی جغرافیائی خصوصیات کے مطابق ترقیاتی منصوبے تیار کرنے پر زور۔

اور۔۔۔☆ ٹی۔ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے سپر ایٹ مرحلے میں آج بھارت کا مقابلہ افغانستان سے۔

***** ***** *****